Generated by Foxit PDF Creator © Foxit Software
http://www.foxitsoftware.com For evaluation only.

کانووکیشن ۲۰۱۹ء میں شرکت کرنے والے طلباء و طالبات کے لئے ضروری ہدایات

<u>کانووکیشن میں صرف وہ امیدوار شرکت کے اہل ہوں گے جنھوں نے اپنا امتحان ۲۰۱۸ء میں جامعہ کراچی کے باقاعدہ طالب علم کی حیثیت سے پاس کیا ہے۔</u>

رجسٹریشن فیس -/5000 روپے (بمعہ دو مہمان)۔

فیس برائے اضافی مہمان -/2000 روپے۔

۱- فیس کی ادائیگی کے بعد فیس واؤچر مع رجسٹریشن فارم مندرجہ ذیل دستاویزات کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی کے ساتھ کمرہ نمبر ۲۶، دفتر ڈپٹی رجسٹرار (اکیڈمک) پہلی منزل، شعبہ انتظامیہ پرانی عمارت میں جمع کروائیں:

۱- قومی شناختی کارڈ

۲- انرولمنٹ کارڈ

۳- آخری امتحان کی مارکس شیٹ(جس میں ڈویژن / گریڈ کی وضاحت ہو)۔

۴۔ متعلقہ مہمانوں کے شناختی کارڈز

۲- صرف <u>اسٹینڈ فرسٹ</u> کے حامل امیدوار گولڈ میڈل فارم مندرجہ ذیل دستاویزات کی تصدیق شدہ فوٹو کاپی کے ساتھ جمع کروائیں:

۱- قومی شناختی کارڈ

۲- انرولمنٹ کارڈ

۳-آخری امتحان کی مارکس شیٹ (جس میں ڈویژن / گریڈ کی وضاحت ہو)۔

۳- کانووکیشن میں شرکت کرنے والے طلباء و طالبات کو دو (۲) مہمان (والد ، والدہ ، بہن ، بھائی، شوہر ، اہلیہ ، بیٹا اور بیٹی میں سے کوئی دو) لانے کی اجازت ہوگی۔ اس کے علاوہ -/2000 روپے فیس کی ادائیگی پراضافی مہمان جیسے(والد ، والدہ ، بہن ، بھائی، شوہر ، اہلیہ ، بیٹا ، بیٹی ، ساس ، سسر) کو دعوت نامہ جاری کیا جائے گا۔اس کے لیے "Extra Guest Form" کے ساتھ متعلقہ مہمانوں کے قومی شناختی کارڈ کی مصدقہ فوٹوکاپیاں جمع کروانا لازمی ہوگا۔

۴- میڈلز اور میرٹ سرٹیفکیٹس کے وصول کنندگان کو یونیورسٹی کی جانب سے مقرر اکیڈمک لباس (Costume / Robs) پہننا ہوگا۔ مقررہ اکیڈمک لباس کے بغیر کسی بھی امیدوار کو جلسہ تقسیم اسناد کے لیے پنڈال میں داخلے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

مقررہ اکیڈمک لباس (Academic Costume / Robe) کے لئے میسرز رضوی ٹیلرز، ناظم آباد چورنگی، کراچی سے ٹیلیفون نمبر: 021-36052445 & Mob.0300-2637937 پر رابطہ کریں۔ کانوکیشن لباس (Academic Costume / Robe) کے چارجز رضوی ٹیلرز براہ راست علیحدہ وصول کریں گے۔